نیوز ریلیز

# ** البرٹا کی بڑھتی پھولتی ہوئی کمیونٹیز میں نئے اَپ ڈیٹ شدہ اسکول

11 مارچ، 2024ء میڈیا انکوائریز

## البرٹا کی حکومت البرٹا بھر میں طلباء کیلئے اسکولوں کی تعمیر اور انہیں جدید بنانے کیلئے تین سالوں کے دوران 2.1 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہی ہے۔

جیسے کہ صوبہ مسلسل ترقی کر رہا ہے، البرٹا کی حکومت اس ترقی کو پایہ تکمیل تک پہنچانے اور طلباء کو کامیابی کیلئے درکار سیکھنے کی جگہیں فراہم کرنے کیلئے نئے اسکولوں اور طلباء کی جگہوں کیلئے سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ اگر منظور ہو جاتا ہے، تو 2024ء کا بجٹ 43 ترجیحی اسکولوں کے پراجیکٹس کو آگے بڑھائے گا، اس میں 28 نئے اسکول، 10 متبادل اسکول اور پانچ کو جدید بنانا شامل ہیں۔ مکمل ہوجانے پر، یہ پراجیکٹس البرٹا کے طلباء کیلئے علم حاصل کرنے، بڑھنے پھولنے، اور اپنی پوری صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کیلئے تقریباً 35,000 نئی اورجدید جگہیں پیدا کریں گے۔

"البرٹا پھل پھول رہا ہے اور اس نشوونما کو پورا کرنے کیلئے ہم اس میں نمایاں سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔ صوبے بھر میں کمیونٹیز اپنے طلباء کیلئے نئے اورجدید اسکول دیکھیں گی، جو انہیں علم حاصل کرنے کیلئے بہترین جگہیں فراہم کریں گے۔ مَیں ان تمام اسکولوں کو دیکھنے کی منتظر ہوں جن کیلئے ہم آگے بڑھنے اور آنے والے سالوں میں کُھلنے کیلئے سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔"

*ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر (Danielle Smith, Premier)*

اس سال کے بجٹ میں شامل 43 اضافی پراجیکٹس کے ساتھ، حکومت صوبے بھر میں مختلف مراحل میں کل 98 اسکولوں کے پراجیکٹس کیلئے فنڈز فراہم کر رہی ہے۔

تین سالہ 2.1 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کے حصے کے طور پر، تین سالوں میں 103 ملین ڈالر ماڈیولر کلاس رومز کی فراہمی کیلئے استعمال کئے جائیں گے تاکہ گنجائش کے اہم چیلنجوں کا سامنا کرنے والے اسکولوں میں کلاس روموں کی جگہوں کو تیزی سے بڑھایا جا سکے۔ کالجیئٹ اسکولوں اور پبلک چارٹر اسکولوں کی تین سالوں کے دوران 123 ملین ڈالر کے عزم سے مدد کی جائے گی، کیونکہ البرٹا کی حکومت کیریئر کی تعلیم بڑھانے کو جاری رکھے ہوئے ہے اور طلباء اور خاندانوں کیلئے اسکولوں کی چوائسز کے مکمل سلسلے کی تائید کرتی ہے۔

"البرٹا ایڈوانٹیج واپس آگیا ہے اور عروج پا رہا ہے اور پورے کینیڈا اور دنیا بھر سے لوگ ایک بار پھر ہمارے حیرت انگیز صوبے، بشمول کیلگری میں آ رہے ہیں۔ بجٹ 2024ء اگلے چند سالوں میں،17 نئے اسکولوں کی تعمیر اور کیلگری میٹرو پولیٹن علاقے کیلئے ایک کو

جدید بنانے کا اولوالعزم منصوبہ ترتیب دیتا ہے۔ یہ نئے اسکول 16,000 مزید طلباء کیلئے جگہیں تشکیل دیں گے جن میں سے چھ پراجیکٹس کی تعمیرات فقط اسی سال شروع ہوگی، اور باقی 12 پراجیکٹس آنے والے سالوں میں شروع ہوں گے۔"

*ڈیمیٹریوس نکولیڈز (Demetrios Nicolaides)، وزیرِ تعلیم*

"البرٹا پھل پھول رہا ہے اور بجٹ 2024ء کا کیپیٹل پلان طلباء کی ہزاروں نئی جگہوں کی تائید کرتا ہے۔ البرٹا کی حکومت اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ K-12 کے طلباء ترقی کرتے رہیں اور کامیابی سے ہمکنار ہوں۔"

*نیٹ ہارنر (Nate Horner)، ٹریژری بورڈ اور خزانے کے وزیر*

"ہماری حکومت طلباء کو فوری طور پر پورے عزم کے ساتھ فوری طور پر شروع کرنے میں مدد کر رہی ہے، اور بجٹ 2024ء میں شامل کئے گئے پراجیکٹس اسی رفتار کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اس سال ایک درجن سے زائد اسکول مکمل ہو جائیں گے، اور ہم طلباء کو مختصر ترتیب میں ہال کو بھرتے ہوئے دیکھنے کے منتظر ہیں۔ البرٹا کے اسکول 75 سالوں تک چلنے والی معیاد کیلئے بنائے گئے ہیں، جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ بچے آنے والی نسلوں کیلئے ہماری سرمایہ کاریوں سے فائدہ اٹھائیں گے۔"

*پیِٹ گاؤتھری (Pete Guthrie)، انفراسٹرکچر کے وزیر*

کیلگری اور ایڈمنٹن، اور ان کے اردگرد کی کمیونٹیاں، خاص طور پر طلباء کی مضبوط ترقی کو دیکھتے رہے ہیں اور بجٹ 2024ء تسلیم کرتا ہے کہ کیلگری اور اس کا علاقہ اسکولوں کے 18 پراجیکٹس اور کیپیٹل ریجن میں اسکولوں کے 14 پراجیکٹس کو ترجیح دے رہے ہیں۔ ان علاقوں میں اسکولوں کے نئے پراجیکٹس کا مطلب ہوگا کہ کیلگری کے علاقے میں طلباء کیلئے مزید 16,000 جگہیں ہوں گی، اور ایڈمنٹن کے علاقے میں مزید 12,500 جگہیں ہوں گی۔

بجٹ 2024ء صحت کی نگہداشت اور تعلیم کو مضبوط بنانے، محفوظ اور معاون کمیونٹیوں کی تعمیر، صوبے کے وسائل کا دانشمندی سے انتظام و انتصرام اور البرٹا کے مسابقتی فائدے کو جاری و ساری رکھنے کیلئے ملازمتوں کی تخلیق کو فروغ دینے کا ایک ذمہ دارانہ منصوبہ ہے۔

## فوری حقائق

- مکمل/تعمیراتی فنڈنگ کی منظوری میں پراجیکٹ کو تکمیل تک پہنچانے کیلئے تمام سرگرمیاں شامل ہیں، بمع تعمیر اور قبضے کے بعد کا جائزہ۔
- ڈیزائن کی فنڈنگ سرگرمیوں میں تعمیراتی ٹینڈر کی دستاویزات کی تیاری جیسے کہ ڈرائنگز اور تفاصیل شامل ہیں۔
- منصوبہ بندی کی فنڈنگ کی سرگرمیوں میں سائٹ کا تجزیہ اور دائرہ کار کی ڈیویلپمینٹ کی سرگرمیاں شامل ہیں۔

**** آپ ڈیٹ شدہ: بجٹ 2024ء اسکول پراجیکٹس – مکمل/تعمیراتی فنڈنگ (19):**

| کمیونٹی | | |
|---|---|---|
| چیسٹر میِئر (Chestermere) | کیلگری کیتھولک اسکول ڈسٹرکٹ | نیا K-9 اسکول |
| کوکرین (Cochrane) | راکی ویو اسکولز | نیا K-8 اسکول |
| ایڈمنٹن (Edmonton) | ایڈمنٹن کیتھولک اسکولز | کرسٹالینا نیرا میں نیا K-9 اسکول |

| | | |
|---|---|---|
| ایڈمنٹن(Edmonton) | ایڈمنٹن کیتھولک اسکولز | ہیریٹیج ویلی کیویناہ (Cavanagh) میں نیا K-9 اسکول |
| ایڈمنٹن(Edmonton) | ایڈمنٹن کیتھولک اسکولز | ہیز رِج(Hays Ridge)میں نیا K-9 اسکول |
| ایڈمنٹن(Edmonton) | ایڈمنٹن کیتھولک اسکولز | سلوشن ان رنڈل(K-9) |
| ایڈمنٹن(Edmonton) | ایڈمنٹن پبلک اسکولز | گلین رڈنگ ہائٹس (Glenridding Heights) میں نیا 7-12 اسکول |
| لڈیوک(Leduc) | بلیک گولڈ اسکول ڈویژن | جدید بنایا گیا ایکول کورِنتھیا پارک (K-6) |

## بجٹ 2024ء اسکول پراجیکٹس – ڈیزائن فنڈنگ:

| کمیونٹی | اسکول ڈویژن | پراجیکٹ کی قِسم/ نام |
|---|---|---|
| ایئرڈری | راکی ویو اسکولز | نیا 9-12 اسکول |
| کیلگری | کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن | کارنر اسٹون میں نیا 10-12 اسکول |
| کیلگری | کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن | ریڈ اسٹون میں نیا K-4 اسکول |
| کیلگری | کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن | اینی گیل اسکول کو جدید بنایا گیا(6-9) |
| کیلگری | کیلگری کیتھولک اسکول ڈسٹرکٹ | ریڈ اسٹون میں نیا K-6 اسکول |
| کیلگری | کیلگری کیتھولک اسکول ڈسٹرکٹ | ویسٹ کیلگری میں نیا 10-12 اسکول |
| کیلگری | کونسائل سکولیئر فرانکوسڈ (Conseil scolaire FrancoSud) | نارتھ کیلگری میں نیا K-6 اسکول |
| چیسٹرمیئر | راکی ویو اسکولز | نیا K-9 اسکول |
| ایڈمنٹن | ایڈمنٹن کیتھولک اسکولز | لوریل میں نیا K-9 اسکول |
| ایڈمنٹن | ایڈمنٹن کیتھولک اسکولز | ریورز ایج میں نیا K-9 اسکول |
| ایڈمنٹن | ایڈمنٹن پبلک اسکولز | گلین رڈنگ ہائٹس میں نیا K-6 اسکول |
| ایڈمنٹن | ایڈمنٹن پبلک اسکولز | روزینتھل میں نیا K-6 اسکول |
| ایڈمنٹن | ایڈمنٹن پبلک اسکولز | میکانیچی میں نیا 7-9 اسکول |
| اوکوٹوکس | فُٹ ہِلز اسکول ڈویژن | نیا 10-12 اسکول |

## بجٹ 2024ء اسکولوں کے پراجیکٹس – منصوبہ بندی کی فنڈنگ:

| کمیونٹی | اسکول ڈویژن | پراجیکٹ کی قِسم/ نام |
|---|---|---|
| کیلگری | کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن | سیڈل رج میں نیا 5-9 اسکول |
| کیلگری | کونسائل سکولیئر فرانکوسڈ | نارتھ کیلگری میں نیا 9-12 اسکول |

| | | |
|---|---|---|
| کیلگری | کونسائل سکولیئر فرانکوسڈ | نارتھ کیلگری میں نیا K-6 اسکول |
| ایڈمنٹن | ایڈمنٹن پبلک اسکولز | ڈیلٹن اسکول کا بدل (K-6) |
| ایڈمنٹن | ایڈمنٹن پبلک اسکولز | سپروس ایونیو اسکول کا بدل (7-9) |
| ایڈمنٹن | کونسائل سکولیئر سینٹرنورڈ | نیا 7-12 پبلک/کیتھولک اسکول |

## متعلقہ معلومات

- بجٹ 2024ء کیپیٹل پلان
- بجٹ 2024ء کا جائزہ

## ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں
- نیوز کانفرنس سُنیں